28/01/2026

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُنئے

مہاراشٹر حادثہ

علاقے میں جہاز گرنے کے ایک واقعے میں Baramati مہاراشٹر کے نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار آج صبح مہاراشٹر کے ائیر کرافٹ جس میں اجیت پوار سوار Lear Jet 45 جان بحق ہو گئے ہیں ۔ شہری ہوا بازی کی وزارت نے خبر دی ہے کہ ہوائی اڈے پر لینڈ کرتے وقت کریش ہو گیا ۔ وزارت نے کہا ہے کہ اس جہاز میں نائب وزیر اعلیٰ سمیت Baramati تھے پانچ افراد سوار تھے ۔ افسروں نے کہا ہے کہ اس حادثے میں پانچ افراد میں سے کوئی بھی نہیں بچ پایا ہے ۔ مزید تفصیلات کا انتظار ہے ۔

تعزیت

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو ، وزیر اعظم نریندر مودی ، لوک سبھا سپیکر اوم برلا ، وزیر داخلہ امت شاہ ، وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ، اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو اور کئی دیگر اہم شخصیات نے اجیت پوار کے از جان ہونے پر دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے ۔ اپنے الگ الگ تعزیتی پیغامات میں انہوں نے کہا کہ آنجہانی محنت کش لیڈر تھے جو ہمیشہ مہاراشٹر کے لوگوں کی خدمت کے لئے پیش پیش رہے ۔ انھوں نے سوگوار کنبے کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا ہے ۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ہوائی حادثے کے دوران مہاراشٹر کے نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار کے جان بحق ہونے پر رنج و الم کا اظہار کیا ہے ۔ انہوں نے سوگوار کنبے کے ساتھ تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا ۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی آنجہانی کے از جان ہونے پر افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ اپنے تعزیتی پیغام میں وزیر اعلیٰ نے انہیں ایک قابل منتظم اور سیاسی لیڈر قرار دیا ہے ۔

اِدھر پی ڈی پی صدر محبوبہ مفتی نے بھی ہوائی حادثے میں اجیت پوار کے از جان ہونے پر دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے ۔

اجلاس

صدر جمہوریہ دروپدی مر مو نے کہا ہے کہ حکومت کی موثر پالیسیوں اور اقدامات کی بدولت ملک میں زرعی پیداوار میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے ۔ بجٹ اجلاس کے پہلے دن آج پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت زرعی اشیاءکی درآمدات کو کم کرنے کی خواہش مند ہے اور اس تعلق سے کئی سکیمیں اور پروگرام چلائے جا رہے ہیں ۔ صدر جمہوریہ نے کئی دیگر شعبوں کی ترقی اور سکیموں کا تفصیل سے ذکر کیا ۔

لیفٹیننٹ گورنر

آفیسر ٹرینیز کے ساتھ بات چیت IRMS لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کل لوک بھون جموں میں انڈین ریلوے منیجمنٹ سروس کی۔ ایل جی نے اس موقع پر نوجوان افسروں پر زور دیا کہ وہ ترقی یافتہ بھارت کے لئے ٹیکنالوجی پر مبنی ریلوے بنیادی ڈھانچہ تیار کرنے کی طرف توجہ مرکوز کریں۔ انہوں نے کہا کہ ریل نیٹ ورک نہ صرف سماجی سرگرمیوں کو تقویت بخشتا ہے بلکہ یہ سماجی تانے بانے کو جوڑ کر ایک قوم کی عکاسی کرتا ہے۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کل جموں میں بجٹ سے پہلے کی مشاورت کے سلسلے کے تحت جموں اور سانبہ اضلاع کے عوامی نمائندوں کے ساتھ بات چیت کر کے بجٹ سے متعلق ان کی تجاویز حاصل کیں ۔ اس موقعہ پر مختلف سیکٹروں کی ترجیحات اور لوگوں کی ترقیاتی ضروریات پر تبادلہ خیال کیا گیا ۔ اس موقعہ پر کابینی وزراءسکینہ ایتو ، جاوید احمد ڈار اور ستیش شرما بھی موجود تھے ۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے آن لائن مالی گھپلوں اور سائبر جرائم پر موثر طریقے سے قابو پانے کے لئے ٹیکنالوجی کو مکمل طور سے بروئے کار لانے نیز قانوز نافذ کرنے والے اداروں کے مابین بہتر تال میل کی ضروریت پر زور دیا ہے ۔ وہ کل جموں میں یوٹی سطح کی کو آر ڈنیشن کمیٹی کی 36 ویں میٹنگ سے خطاب کر رہے تھے ۔ انہوں نے کہا کہ سائبر فراڈ اور آن لائن دھوکہ دہی کے معاملوں میں ملوث ملزموں کے ساتھ سختی سے نمٹا جانا چاہئے ۔

شاہراہ

ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ سرینگر جموں قومی شاہراہ کو دن بھر بند رہنے کے بعد آمد رفت کے لئے دو بارہ بحال کیا گیا ہے ۔

سار س میلہ

کلا کیندر جموں میں 31 جنوری سے نو فروری تک جموں و کشمیر لائیولی ہڈس مشن کی طرف سے سار س میلہ 2026 کا JKRLM انعقاد کیا جا رہا ہے۔ اس سے پہلے کل کی مشن ڈائریکٹر ڈاکٹر شبھرا شرما نے سارس میلے کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے افسروں پر زور دیا کہ وہ باہمی تال میل کے ساتھ کام کر کے اس میلے کو کامیابی سے ہمکنار کرانے میں کوئی بھی کسر باقی نہ رکھیں۔

SMC

کی مشترکہ انسپیکشن ٹیم نے کل ضلعے کے مختلف علاقوں کا دورہ کر کے بدلتے موسمی SMC سرینگر ضلع انتظامیہ اور صورتحال سے نمٹنے کے لئے کی جا رہی تیاریوں اور اقدامات کا جائزہ لیا۔ ٹیم نے مختلف اسپتالوں کا دورہ کر کے وہاں بنیادی سہولیات کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔ انہوں نے بلوارڈ روڈ، گپکار روڈ اور حضرت بل درگاہ کا دورہ کر کے مختلف محکموں کی طرف سے صورتحال سے نمٹنے کے لئے مختلف محکموں کے اقدامات کا جائزہ لیا۔

ڈی سی کپواڑہ

ڈی سی کپواڑہ شری کانت سوسے نے لولاب سب ڈویژن کا دورہ کر کے وہاں برفباری سے پیدا شدہ صورتحال کا جائزہ لیا اور طبی اداروں کے کام کاج کے بارے میں جانکاری حاصل کی ۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ وہ نا ساز گار موسمی حالات کے دوران لوگوں کے لئے ہر طرح کی بنیادی سہولیات کی دستیابی کو یقینی بنائیں ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****